2/22

3004N191

Candidate's Seat No :________

BA Sem.-4 Examination
EC-I - 211
Urdu
April 2022

Time : 2-00 Hours] **[Max. Marks : 50**

نوٹ: سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے میں تحریر کریں۔ تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں، اور اُن کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔

سوال:۱ مندرجہ ذیل سولات کے تفصیلی جوابات دیجئے۔ (کوئی تین) 42

(۱) جگرؔ کے ہم عصر شعراء سے متعارف کیجئے۔

(۲) جگرؔ مرادآبادی کے عہد کا ادبی پس منظر پیش کیجئے۔

(۳) جگرؔ کے "تصورِ محبوب" پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(۴) کلامِ جگرؔ کی خصوصیات بیان کیجئے۔

(۵) جگرؔ کی شاعری میں سیاسی رجحانات پر روشنی ڈالئے۔

(۶) جگرؔ مرادآبادی کے "تصوّرِ عشق" کا جائزہ لیجئے۔

(۷) جگرؔ مرادآبادی کی "صوفیانہ شاعری" کا جائزہ لیجئے۔

(۸) مندرجہ ذیل میں سے کنہیں ساتھ (۷) اشعار کی تشریح کیجئے۔

(۱) اپنا زمانہ آپ بناتے ہیں اہلِ دل
ہم وہ نہیں کہ جن کو زمانہ بنا گیا

(۲) ہم نے ایسا نہ کوئی دیکھنے والا دیکھا
جو یہ کہہ دے کہ ترا حُسن سراپا دیکھا

(۳) جب عشق اپنے مرکزِ اصلی پہ آگیا
خود بن گیا حسین، دو عالم پہ چھا گیا

(۴) اجل خود زندگی سے کانپتی ہے
اجل کی زندگی پر دسترس کیا؟

(۵) جسے سب لوگ حسن و عشق کی منزل سمجھتے ہیں
بُلند اس سے بھی ہم اپنا مقامِ دل سمجھتے ہیں

(۶) یارب! ہجومِ درد کو دے اور وسعتیں
دامن تو کیا ابھی مری آنکھیں بھی نم نہیں

(۷) کوئی اتنا بھی نہ مصروفِ خود آرائی ہو
کہ تماشہ رہے باقی نہ تماشائی ہو

(P.T.O)

(۸) دنیا کو دیکھ دیدۂ روشن نگاہ سے
فردوسِ زندگی ہے، وبالِ نظر نہیں

(۹) جستجو میں تری یہ حاصلِ سودا دیکھا
ایک ایک ذرہ کا آغوشِ طلب وا دیکھا

(۱۰) دلِ آگاہ میں کیا کہئے جگرؔ، کیا دیکھا
لہریں لیتا ہوا اک قطرے میں دریا دیکھا

سوال:۲ مندرجۂ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں دیجئے۔ (کوئی آٹھ) 8

(۱) جگرؔ کی انجمن کا نام لکھئے۔
(۲) غزل کا پہلا شاعر کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟
(۳) جگرؔ کو کون سے ایوارڈ سے نوازا گیا؟
(۴) جگرؔ کی انجمن کا مقصد کیا تھا؟
(۵) جگرؔ کہاں مدفن ہیں؟
(۶) غزل کی تشکیل کے لئے کن اجزاء کا ہونا لازمی ہے؟
(۷) غزل کا لفظ کس لفظ سے بنا ہے؟ اور اس کے معنی کیا ہیں؟
(۸) اردو غزل کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کسے تسلیم کیا جاتا ہے؟
(۹) میرؔ کی خود نوشت سوانح حیات کا نام کیا ہے؟
(۱۰) مرزا رفیع سوداؔ کے والد کا نام کیا ہے؟
(۱۱) جگرؔ پہلی بیوی کا نام کیا تھا؟
(۱۲) جگرؔ کے کس شاعر کے ساتھ روحانی تعلقات تھے؟
(۱۳) جگرؔ نے کون سی نظم میں اپنے وطن کی کچھ خامیوں کا ذکر کیا ہے؟
(۱۴) غزل کی تشکیل کے لئے کن اجزاء کا ہونا لازمی ہے؟
(۱۵) جگرؔ کے پہلے مجموعے کا نام کیا ہے؟
(۱۶) جگرؔ نے کتنی شادیاں کیں؟